مقامِ صحابہ

صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین، رسالت مابﷺ کی دعوت پر قائم شدہ معاشرے کے ابتدائی فرد تھے۔ انہیں صرف دعوتِ رسول ہی نے تیار نہیں کیا تھا بلکہ ان کی تربیت میں نگاہِ رسول بھی شامل تھی۔

جو لوگ ان مقدس ہستیوں پر اعتراض کرتے ہیں وہ رسالت مابﷺ کی ہیٹی (خاکم بدہن) کرتے ہیں کہ اللہ کا آخری پیغمبر اپنے رفقاء کو بنانے اور پہچاننے سے قاصر رہا۔ اس طرح وہ لوگ حضورﷺ کی نبوت پر بالارادہ حملہ آور ہوتے ہیں۔

اگر رسالت مابﷺ اپنے رفقاء کے دل میں قرآن نہ اتار سکے تو پھر کون رہ جاتا ہے جس کے متعلق یہ کہنا ممکن ہے کہ اس کی بدولت فلاں عہد کے انسانوں نے اپنے تئیں اسلام کے سپرد کیا تھا۔

—— امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ